B.Ed (Urdu)/E.T/ 2021

دستخط نگران کار

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

**Booklet Serial No.**

## بی۔ایڈ ریگولر انٹرنس ٹسٹ (اردو) 2021

## B.Ed. Regular Entrance Test (Urdu) 2021

## کتابچۂ پرچۂ سوالات Question Paper Booklet

وقت : دو گھنٹے

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

نمبرات : 100

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

نوٹ: یہ کتابچہ دو حصوں حصۂ اول' (i) عام معلومات(General Knowledge)'(ii) عام اردو(General Urdu)' (iii) عام انگریزی(General English) ' تدریسی رجحان(Teaching Aptitude) اور(v) ذہنی صلاحیت(Mental Ability) اور 'حصہ دوم' اردو (Urdu) پر مشتمل ہے۔

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔
2. یہ پرچۂ سوالات کل 16 صفحات پر مشتمل ہے۔آخر کا ایک صفحہ Rough Work کے لیے ہے۔ اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔
3. اس کتابچے میں جملہ 100 معروضی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔
4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچہءسوالات اپنے ساتھ لیجا سکتے ہیں۔

# (Part - 1) حصہ اول

## (i) عام معلومات (General Knowledge)

1۔ غلام خاندان کا بانی۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(A) قطب الدین ایبک (B) التمش

(C) اکبر (D) بلبن

2۔ میگھالیہ کی راجدھانی۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(A) رائے پور (B) شیلانگ

(C) امپھال (D) میسور

3۔ خلافت تحریک کے بانی۔۔۔۔۔۔۔۔ تھے۔

(A) علی بردرس (B) محمد علی جناح

(C) سر سید احمد خاں (D) جواہر لال نہرو

4۔ بین الاقوامی یوم یوگا (Yoga Day) منایا۔۔۔۔۔۔۔ جاتا ہے۔

(A) 2 مارچ (B) 4 نومبر

(C) 28 دسمبر (D) 21 جون

5۔ بکسر کی جنگ سنہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں ہوئی تھی۔

(A) 1756ء (B) 1751ء

(C) 1764ء (D) 1801ء

6۔ ہرمن پریت کور کا نام ذیل میں سے کس کھیل سے جڑا ہے؟

(A) کرکٹ (B) گولف

(C) بیٹ منٹن (D) ٹینس

7۔ Energy کا SI یونٹ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(A) جول (Joule) (B) واٹ (Watt)

(C) اوم (Ohm) (D) وولٹ (Volt)

8۔ ذیل میں سے کون سا آرٹیکل مفت اور لازمی تعلیم سے متعلق ہے۔

(A) 12 (B) 14

(C) 21 A (D) 5C

9۔ جین مذہب کے آخری تیرتھانکر تھے۔

(A) وردھمان مہاویر (B) آدی ناتھ

(C) رشبھ ناتھ (D) پاروناتھ

10۔ املی (Tamrind) میں ایسڈ ہوتا ہے۔

(A) Lactic Acid (B) Citric Acid

(C) Tartaric Acid (D) Oxalic Acid

## (ii) عام اردو (General Urdu)

11۔ نظم کے لغوی معنی ہیں۔

(A) ترانہ (B) مغز

(C) لڑی میں موتی پرونا (D) برجستگی

12۔ آب حیات کے مصنف ہیں۔

(A) مسعود حسین خاں (B) محمود شیرانی

(C) شوکت سبزواری (D) محمد حسین آزاد

13۔ اردو میں حرف ’ ژ ‘ کس زبان سے آیا ہے؟

(A) عربی (B) فارسی

(C) ترکی (D) ہندی

14۔ وہ نثری تحریر جس میں کسی شخصیت کی منفرد اور نمایاں خصوصیات کو اس انداز سے بیان کیا جائے کہ اس کی مکمل تصویر آنکھوں کے سامنے آجائے کیا کہلاتا ہے؟

(A) خاکہ (B) مکتوب

(C) سوانح (D) انشائیہ

15۔ وہ لفظ، جو کسی چیز کو بڑا یا بھاری ظاہر کرے کہلاتا ہے؟

(A) اسم مصغر (B) اسم آلہ

(C) اسم مکبر (D) اسم ظرف

16 ذیل میں سے ضمیر متکلم ہے

(A) میں (B) تم

(C) وہ (D) ان

17۔ وہ فعل جس میں کسی کام کا کرنا یا ہونا مکمل طور پر واضح نہ ہو کہلاتا ہے

(A) فعل لازم (B) فعل ناقص

(C) فعل متعدی (D) فعل مرکب

18۔ وہ صفت جو کسی اسم کی تعداد ظاہر کرے کہلاتا ہے

(A) صفت نسبتی (B) صفت عددی

(C) صفت مقداری (D) صفت ذاتی

19۔ ذیل میں سے سابقہ کی نشاندہی کریں۔

(A) ستم گر (B) ہم جماعت

(C) ایمان دار (D) عقل مند

20۔ حمایت کا متضاد لکھیں۔

(A) رذالت (B) برآمد

(C) مخالفت (D) آخرت

## (General English) عام انگریزی (iii)

21) What does it mean to "go with the flow"?

(A) To completely change how one acts (B) To generally go along with whatever happens

(C) To act in an idiotic way (D) To waste time

22) Which of the given options conveys the following sentence in passive voice?

Rashid is cleaning the house.

(A) The house is being cleaned by Rashid. (B) The house has been cleaned by Rashid.

(C) The house is cleaned by Rashid. (D) The cleaning of the house was done by Rashid.

23) What is the plural form of the word “bacteria”?

(A) Bacteriae (B) Bacterias

(C) Bacterium (D) Bacteriases

24) Fill in the blank with the correct form of tense:

Every Tuesday, Riya ______ to work.

(A) rides the bus (B) rode the bus

(C) has been riding the bus (D) is riding the bus

25) Which of the following words is similar in meaning to the word “tranquil”?

(A) youthful (B) wise

(C) beautiful (D) calm

26) Identify the tense of the following sentence:

She will be leaving for the United States next week.

(A) Simple past tense (B) Present continuous tense

(C) Simple future tense (D) Past perfect tense

27) Which of the following words is an antonym to the word: “frank”?

(A) dim (B) brutal

(C) barren (D) secretive

28) Fill in the blank with the correct form of tense:

I _______ to him since last week.

(A) was not speaking (B) had not spoken

(C) didn’t speak (D) would not speak

29) Select the correct form of tense:

I had joked with her earlier.

(A) Past perfect (B) Simple future

(C) Past perfect continuous (D) Simple past

30) Fill in the blank with the suitable articles:

The school has been planning __ reunion party for its alumni.

(A) the (B) a

(C) an (D) of

## (Teaching Aptitude) تدریسی رجحان (iv)

31۔ اگر آپ کے طلبا کچھ غیر اخلاقی کاموں میں ملوث ہیں تو آپ کیا کریں گے؟

(A) ان کو درجہ میں ڈانٹیں گے (B) ان کو نظر انداز کریں گے

(C) ان کی کاؤنسلنگ کا انتظام کریں گے (D) پرنسپل سے شکایت کریں گے

32۔ ٹیم میں کھیلنے والے کھیلوں سے ذیل میں سے کون سی سماجی مہارت فروغ پاتی ہے؟

(A) مسابقت (B) تعاون

(C) خودآگہی (D) خودنمائی

33۔ ایک مؤثر کمرۂ جماعت کا مطلب ہے :

(A) جو مرضی کرنے کی آزادی (B) معلم اور طلبا کے درمیان بامعنی تعامل

(C) سکوت وجامد (D) سخت ڈسپلن کا حامل

34۔ تدریسی اشیا کا استعمال:

(A) تدریس کو دلچسپ بناتا ہے (B) وقت برباد کرتا ہے۔

(C) طلبا کو متوجہ رکھتا ہے۔ (D) نتائج دیر سے دیتا ہے۔

35۔ کچھ طلبا تدریسی عمل و سیکھنے میں زیادہ تجسس اور دلچسپی دکھاتے ہیں کیونکہ۔۔۔۔۔۔

(A) وہ معلم کے پسندیدہ ہوتے ہیں۔ (B) خودنمائی کا عنصر موجود ہوتا ہے۔

(C) سب کی توجہ اپنی طرف رکھنا چاہتے ہیں۔ (D) وہ ذکی (gifted) ہوتے ہیں۔

36۔ آج کے وقت میں مؤثر تدریس کے لئے معلم میں کون سی مہارتیں ضروری ہیں۔

1 ۔ مواد مضمون پر عبور۔ 2۔ طلبا کی ضروریات وخصوصیات کا علم

3 ۔ درس وتدریس کے عمل میں ٹکنالوجی کا موثر استعمال 4 ۔ٹکنالوجی کا علم

(A) 2 &3 (B) 1,2 &3

(C) 3&4 (D) 1&3

37۔ جب ایک عام طالب علم کسی دن درجہ میں عجیب وغریب طرز عمل کرے تو۔۔۔۔۔۔۔

(A) طالب علم کو درجہ سے باہر نکال دیں گے۔ (B) پرنسپل سے شکایت کریں گے

(C) طالب علم سے درجہ کے بعد الگ سے بات کریں گے (D) اسکو نظر انداز کردیں گے

38 اگر آپ کے درجہ میں ایک کمزور بینائی والا طالب علم بھی موجود ہو تو بطور مدرس آپ کیا کریں گے؟

(A) اس کے تئیں ہمدردی اور دلسوزی کے جذبات کا اظہار کریں گے

(B) باقی طلبا کو اسکی وجہ سے نظر انداز نہیں کریں گے

(C) اسکی کمزور بینائی کو قدرت کا فیصلہ مان کر اسکے حال پر چھوڑ دیں گے

(D) اس کے لیے درجہ میں آگے کی جگہ مختص کرکے اوراس پر انفرادی توجہ دیں گے

39۔ بطور معلم آپ اپنے طلبا کے علم کو جانچنے کے کون سے طریقہ کا انتخاب کریں گے۔

(A) سال کے آخر میں امتحان لے کر (B) پورے سال مختلف طریقوں وتکنیکوں کا استعمال کرکے

(C) سال میں دو یا تین بار امتحان لے کر (D) سرپرائز ٹیسٹ (Surprise Test) لے کر

40۔ بطور مدرس آپ درجہ میں تختہ سیاہ (Black board) کا استعمال کرتے وقت کن باتوں کا خیال رکھیں گے؟

(A) بہت خوبصورت لکھنے کی کوشش کریں گے (B) چھوٹے حروف لکھیں گے تا کہ ایک مرتبہ میں تمام مواد لکھ سکیں

(C) بڑے حروف لکھنے کی کوشش کریں گے (D) صاف اور واضح لکھنے کی کوشش کریں گے

## (v) ذہنی صلاحیت (Mental Ability)

41۔ صحیح سلسلہ بتائیں۔

44, 40, 34, ?, 16, 4

26 (A) 30 (B)

32(C) 28 (D)

42۔ جوڑ بتائیں۔

0.01/0.1 + 0.1/0.01

10.11 (A) 10.1 (B)

1.1 (C) 11.1(D)

43۔ اگر DELHI کو 38 کہیں گے تو LUCKNOW

85 (A) 88 (B)

99(C) 97(D)

44۔ اگر علامتی زبان میں EXAM کو GVCO لکھیں گے تو PAPER کو۔۔۔۔۔۔۔۔ لکھیں گے۔

(A) RHQCT
(B) RCRBU
(C) RCRGT
(D) RIQCT

45 کل سے پہلے کا منگل تھا تو کل کے بعد کون سا دن ہوگا۔

(A) اتوار
(B) جمعہ
(C) جمعرات
(D) سنیچر

46۔ مندرجہ ذیل میں سے الگ نمبر یا جوڑے کی نشاندہی کریں۔

(A) 15::46
(B) 8::25
(C) 17::52
(D) 19::56

47۔ اگر آپ 1 سے لے کر 50 تک گنتی لکھیں تو 3 نمبر کتنی مرتبہ آئے گا؟

(A) 14
(B) 13
(C) 7
(D) 12

48۔ آج راشد کی یوم پیدائش ہے۔ آج سے ایک سال بعد اس کی عمر 12 سال پہلے کی عمر کی دوگنی ہو جائے گی۔ اس کی آج کی عمر بتائیں۔

(A) 24
(B) 26
(C) 23
(D) 25

49۔ ایک خاتون نے ایک لڑکے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے بتایا کہ وہ اس کی والدہ کے بھائی کا بیٹا ہے۔ لڑکا رشتہ میں اس خاتون کا کیا لگتا ہے؟

(A) ماموں
(B) کزن
(C) بیٹا
(D) چاچا

50۔ پیٹرول :: انجن ۔۔ ؟ :: جسم

(A) دوائی
(B) گھر
(C) غذا
(D) کپڑے

## (Part -2 ) حصہ دوم

## (Urdu) اردو

51. مرزا نوشہ کے نام سے کون شاعر مشہور ہوئے؟

(A) غالبؔ (B) یگانہؔ

(C) شادؔ (D) داغؔ

52. علی گڑھ تحریک کے بانی کون ہیں؟

(A) الطاف حسین حالی (B) علامہ شبلی نعمانی

(C) رشید احمد صدیقی (D) سر سید احمد خان

53. جمیل مظہری کا پورا نام کیا ہے؟

(A) سید جعفر علی (B) سید معراج علی

(C) سید کاظم علی (D) سید ہلال نقوی

54. حالیؔ نے کس کی شاگردی اختیار کی؟

(A) میر درد (B) مرزا غالب

(C) مرزا رسوا (D) میر تقی میر

55. اردو میں غزل کی روایت کہاں سے آئی؟

(A) عربی (B) فارسی

(C) انگریزی (D) لاطینی

56. ''امراؤ جان ادا'' کی صنفی نوعیت کیا ہے؟

(A) افسانہ (B) داستان

(C) ڈرامہ (D) ناول

57. مغل دور نے ہندوستان کو تین چیزیں دیں 'غالبؔ' 'اردو' اور 'تاج محل'۔ یہ قول کس کا ہے؟

(A) آل احمد سرور (B) خورشید الاسلام

(C) رشید احمد صدیقی (D) مالک رام

58. جی چاہتا تو بیٹھتا یادوں کی چھاؤں میں
ایسا گھنا درخت بھی جڑ سے اکھڑ گیا

مذکورہ شعر میں گھنا درخت سے کیا مراد ہے؟

(A) جنگل (B) پودا

(C) یاد (D) خاندان

59. فارسی قصہ چہار درویش کا ترجمہ میر امن دہلوی نے کس نام سے کیا؟

(A) فسانۂ عجائب (B) گلزار نسیم

(C) باغ و بہار (D) نوطرز مرصع

60. کہاوت 'اونچی دکان پھیکے پکوان' کے معنی ہیں۔

(A) صرف شہرت اصلیت کچھ نہیں (B) کمائے کوئی اور لٹائے کوئی اور

(C) کسی بات پر بے جا اڑ جانا (D) ضرورت کے لحاظ سے کم ملنا

61. سجدہ کی جمع ہے۔

(A) اسجاد (B) سجاد

(C) سجائید (D) سجود

62. کچھ تمہاری نگاہ کافر تھی
کچھ مجھے خراب ہونا تھا

یہ شعر کس کا ہے؟

(A) مجروح (B) مجاز

(C) کیفی (D) جاں نثار اختر

63. مندرجہ ذیل میں سے زمانہ حال کون سا ہے؟

(A) میں کھاتا ہوں (B) میں ہنسوں گا

(C) وہ کل کہاں تھا (D) تو روتا رہے گا

64. سر سید احمد خاں نے رسالہ ''تہذیب الاخلاق'' کب جاری کیا تھا؟

(A) 1880 (B) 1865

(C) 1870 (D) 1860

65. نیا شوالہ نظم کس شاعر کی لکھی ہوئی ہے؟

(A) نظیر اکبرآبادی
(B) اقبال
(C) حالی
(D) اسمٰعیل میرٹھی

66. مندرجہ ذیل میں اسم معرفہ کی مثال ہے۔

(A) کتاب
(B) چالاک
(C) ہندوستانی
(D) ہندوستان

67. افسانہ کفن کس کی تصنیف ہے؟

(A) راجندر سنگھ بیدی
(B) نذیر احمد
(C) پریم چند
(D) قرۃ العین حیدر

68. خواجہ حسن نظامی کا تعلق کس صنف سے تھا؟

(A) انشائیہ
(B) مرثیہ
(C) غزل
(D) حمد گوئی

69. ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں
ابھی عشق کے امتحاں اور بھی ہیں

یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

(A) غالب
(B) اقبال
(C) درد
(D) فیض

70. اردو کا پہلا نظم گو شاعر کسے کہا جاتا ہے؟

(A) قلی قطب شاہ
(B) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز
(C) میر تقی میر
(D) ولی دکنی

71. محاورہ ''آستین کا سانپ ہونا'' کے معنی ہوتے ہیں۔

(A) آستین میں سانپ چھپا ہونا
(B) دھوکہ بازی کرنا
(C) چھپا دشمن ہونا
(D) دکھاوا کرنا

72. فسانۂ عجائب کے مصنف کون ہیں؟

(A) رجب علی بیگ سرور
(B) میر امن دہلوی
(C) علامہ اقبال
(D) مولوی عبدالحق

73. مندرجہ ذیل میں سے کون سی تصنیف الطاف حسین حالی کی نہیں ہے؟

(A) یادگارِ غالب (B) حیات سعدی

(C) حیات جاوید (D) الفاروق

74. غالب کی وفات کا سن کیا ہے؟

(A) 1878 (B) 1879

(C) 1868 (D) 1869

75. خدا کی شان میں کہی جانے والی نظم کو کیا کہتے ہیں؟

(A) نعت (B) قصیدہ

(C) حمد (D) دعا

76. مندرجہ ذیل میں کون سی تصنیف مولانا آزاد کی ہے؟

(A) سیرت النبی (B) غبارِ خاطر

(C) الفاروق (D) دربار اکبری

77. مشہور کتاب ''آثار الصنادید'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) محمد حسین آزاد (B) مولانا ابوالکلام آزاد

(C) میرامن دہلوی (D) سرسید احمد خان

78. فراق گورکھپوری کے دو شعری مجموعوں کا نام ہے۔

(A) روپ ، آواز (B) گل نغمہ ، پرچم

(C) شعلہ ساز ، روح کائنات (D) شاہنامۂ اسلام ، صبح نو

79. یادگارِ غالب کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟

(A) دو (B) تین

(C) چار (D) پانچ

80. مندرجہ ذیل میں سے کون سی کتاب شمس الرحمٰن فاروقی کی ہے؟

(A) ادبی تخلیق (B) تخلیق عمل

(C) لفظ و معنی (D) افکار و مسائل

81. علامہ اقبال کو کب سر کے خطاب سے نوازا گیا؟

(A) 1920 (B) 1922

(C) 1923 (D) 1924

82. میر امن دہلوی کا تعارف کس شخص نے جان گلکرسٹ سے کرایا تھا؟

(A) میر بہادر علی حسینی (B) مرزا غالب

(C) نہال چند لاہوری (D) للولال جی

83. قرۃ العین حیدر کا پہلا ناول کون سا ہے؟

(A) آگ کا دریا (B) چاندنی بیگم

(C) آخر شب کے ہمسفر (D) میرے بھی صنم خانے

84. پریم چند کی پیدائش کب ہوئی؟

(A) 1879 (B) 1880

(C) 1882 (D) 1888

85. پیاسی تھی جو سپاہ خدا تین رات کی
ساحل سے سر پٹکتی تھیں موجیں فرات کی

اس شعر میں کون سی صنعت ہے؟

(A) مبالغہ (B) تشبیہ

(C) حسن تعلیل (D) لف ونشر

86. ''اپنے دکھ مجھے دے دو'' یہ مشہور افسانہ کس کا ہے؟

(A) پریم چند (B) راجندر سنگھ بیدی

(C) علی عباس حسینی (D) کرشن چندر

87. ''موازنہ انیس و دبیر'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) شبلی نعمانی (B) سر سید احمد خاں

(C) الطاف حسین حالی (D) ذکاء اللہ

88. کس شعر میں کسی تاریخی واقعے کی طرف اشارہ ہو تو اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) تشبیہہ (B) مبالغہ

(C) تجنیس (D) تلمیح

89. تم میرے پاس ہوتے ہو گویا
جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا
یہ شعر درج ذیل میں سے کس شاعر کا ہے؟

(A) داغ
(B) مومن
(C) آتش
(D) ناسخ

90. مندرجہ ذیل میں سے ترقی پسند نقاد کون ہیں؟

(A) گوپی چند نارنگ
(B) نیاز فتح پوری
(C) احتشام حسین
(D) مسعود حسن رضوی

91. اختر الایمان کو کس مجموعے پر ساہتیہ اکادمی ایوارڈ ملا؟

(A) یادیں
(B) آب جو
(C) بنت لمحات
(D) نیا آہنگ

92. اردو کا پہلا صاحب دیوان شاعر کسے تسلیم کیا جاتا ہے؟

(A) محمد قطب شاہ
(B) علی عادل شاہ ثانی
(C) عبداللہ قطب شاہ
(D) محمد قلی قطب شاہ

93. داستان ''نوطرز مرصع'' کی تصنیف کب ہوئی؟

(A) 1875
(B) 1800
(C) 1802
(D) 1824

94. اردو برج بھاشا سے نکلی ہے۔ یہ کس مصنف کا قول ہے؟

(A) محمود شیرانی
(B) محمد حسین آزاد
(C) سید سلیمان ندوی
(D) نصیر الدین ہاشمی

95. 'دھنیا' کس ناول کا کردار ہے؟

(A) ایک چادر میلی سی
(B) اور انسان مر گیا
(C) گئودان
(D) میدان عمل

96. ڈرامہ ''آگرہ بازار'' کس شاعر کی زندگی کو پیش کرتا ہے؟

(A) انیسؔ (B) نظیر اکبرآبادیؔ

(C) مومن (D) غالبؔ

97. دارالمصنفین کہاں واقع ہے؟

(A) بھوپال (B) لکھنؤ

(C) علی گڑھ (D) اعظم گڑھ

98. مسافرانِ لندن کس کا سفرنامہ ہے؟

(A) سرسید احمد خان (B) محمد علی جوہر

(C) ظفر علی خان (D) علی سردار جعفری

99. خدابخش لائبریری کہاں واقع ہے؟

(A) بھوپال (B) دہلی

(C) پٹنہ (D) حیدرآباد

100. سراپا کس صنف سخن کا جز ہے؟

(A) غزل (B) مرثیہ

(C) قصیدہ (D) مثنوی

☆☆☆